سوال

(102) میت کی طرف سے نماز کی قضائی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کی طرف سے نمازوں کی قضائی دی جا سکتی ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کی طرف سے قضا نماز کی ادائیگی تو قرآن وحدیث سے ثابت نہیں بلکہ مرنے کے وقت اگر نماز کا تارک تھا تو کافر مرا اور کافر کا جنازہ بھی درست نہیں۔ چہ جائیکہ اس کی نمازوں کی قضا دی جائے ہاں اگر اتفاقیہ کوئی نماز عذر سے رہ گئی ہو تو اس کے متعلق اس کے لئے دعا مغفرت کی جائے۔ اور اس کی طرف سے حج، قربانی، صدقہ، خیرات کیا جائے تاکہ اس کو ثواب پہنچے اور اس کے ذمہ جو بوجھ ہو اتر جائے۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کا بیان، ج2ص86

محدث فتویٰ